قانونی امداد کا نیا معاہدہ طے پا گیا ہے

04 ستمبر 2024 میڈیا استفسارات

حکومت البرٹا، لیگل ایڈ البرٹا اور لاء سوسائٹی آف البرٹا نے گورننس کے ایک نئے طویل مدتی معاہدے کو حتمی شکل دی ہے۔

بائیں سے دائیں: ریان کیلیبیوکس KC، بورڈ چیئرپرسن، لیگل ایڈ البرٹا مکی ایمرے، وزیر برائے انصاف اور اٹارنی جنرل ڈیانا سٹیلک، KC، صدر، لاء سوسائٹی آف البرٹا۔

درجہ بندی: عوامی

ایک باہمی اشتراکی عمل کے ذریعے، حکومت البرٹا، لیگل ایڈ البرٹا اور لاء سوسائٹی آف البرٹا نے پانچ سالہ گورننس کے ایک نئے معاہدے پر دستخط کر دیئے ہیں، جو کہ ایک اعلیٰ معیار کے، آزاد اور پائیدار قانونی امداد کے پروگرام کی اہمیت کی مشترکہ تفہیم کی عکاسی کرتا ہے۔

نیا گورننس معاہدہ 6 ستمبر 2024 سے موثر العمل ہو گا اور 5 ستمبر 2029 تک جاری رہے گا۔ اس معاہدے پر دستخط کر کے، اس میں شامل تمام افراد نے البرٹا کے قانونی امداد کے نظام کو مستحکم رکھنے اور ان لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے کا سلسلہ جاری رکھنے کا عزم کیا ہے، جنہیں قانونی مدد کی ضرورت ہے۔ نیا معاہدہ، البرٹا کے لوگوں کے لیے انصاف تک رسائی کو یقینی بنانے کے حوالے سے حکومت البرٹا کے عزم کو نمایاں کرتا ہے، جو یہ ادراک رکھتی ہے کہ البرٹا کے بہت سے ایسے لوگوں کے لیے قانونی امداد ایک اہم خدمت ہے جنہیں قانونی معاونتوں تک رسائی میں مالی رکاوٹوں کا سامنا ہے۔

"البرٹا میں قانونی امداد کی خدمت کی فراہمی ایک مشترکہ عزم ہے، اور یہ ایک ایسا عزم ہے کہ جسے تمام ملوث گروہ بے حد سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ ہمارا مقصد فی الوقت اور مستقبل میں البرٹا کے تمام لوگوں کے لیے قانونی امداد کی پائیداری اور مالی احتساب کو یقینی بنانا ہے اور یہ نیا معاہدہ ہمیں صحیح راستے پر گامزن کرتا ہے۔"

مکی ایمرے (Mickey Amery)، وزیر برائے انصاف اور اٹارنی جنرل

یہ معاہدہ البرٹا، خاص طور پر ہمارے معاشرے میں موجود سب سے زیادہ پسماندہ افراد کے لیے، انصاف تک رسائی کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ حکومت البرٹا، لیگل ایڈ البرٹا، لاء سوسائٹی آف البرٹا اور نظام انصاف کے دیگر کلیدی اراکین کے ساتھ کام اور مشاورت کا عمل جاری رکھے گی تاکہ یقینی بنایا جا سکے کہ صوبے میں قانونی امداد کی خدمات کے مستقبل کی سمت کے بارے میں فیصلے، اعداد و شمار پر مبنی اور البرٹا کے معاشی طور پر کمزور افراد کی قانونی ضروریات کی روشنی میں ہوں۔ حکومت البرٹا، قانونی امداد کی خدمات کے تسلسل، فنڈنگ اورہمارے شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کے لیے پوری طرح وقف عمل ہے۔

فوری حقائق

2024–2029 گورننس کے معاہدے کی اہم جھلکیاں:

- حکومت البرٹا، لیگل ایڈ البرٹا، لاء سوسائٹی آف البرٹا اور نظام انصاف کے شراکت دار کے درمیان مشاورت جاری رہنے کی شرائط، جو قانونی امداد کی خدمات اور فنڈنگ کے حوالے سے مستقبل کی سمت کی رہنمائی کریں گے۔
- بہتر تعاون اور یقینی بنانا کہ البرٹا میں قانونی امداد موثر، البرٹا کے لوگوں کی ضروریات کے مطابق، پائیدار طور پر مالی اعانت کی حامل اور مالیاتی طور پر ذمہ دار ہے۔
- لیگل ایڈ البرٹا کا 2024-25 گرانٹ کا بجٹ 110$ ملین ہے؟
- حکومت البرٹا، البرٹا لاء فاؤنڈیشن اور وفاقی حکومت قانونی امداد کو فنڈز فراہم کرتی ہے؟؟

متعلقہ خبریں

- قانونی امداد کے حوالے سے گورننس معاہدے میں توسیع، مذاکرات کا عمل دوبارہ شروع ہو گا (5 جولائی 2024)
- البرٹا میں قانونی امداد: وزیر محترم ایمرے (3 جولائی 2024)
- البرٹا کے لوگوں کے لیے قانونی امداد کو زیادہ قابل رسائی بنا رہے ہیں(14 فروری 2024)
- البرٹا کے تمام لوگوں کے لیے انصاف تک رسائی میں اضافہ (17 مارچ 2023)
- قانونی امداد کے وکلاء کے لیے ٹیرف میں اضافہ (21 دسمبر 2022)
- قانونی امداد کو جدید بنانا (5 اکتوبر 2022)

میڈیا کے استفسارات

چیننیے انوکورو (Chinenye Anokwuru)

780-720-1915
سینئر پریس سیکرٹری، جسٹس